13/03/2026

07.40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبروں کا بلٹن لےکر مینمحمود احمدخان

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

کسان سکیم PM * ........ وزیر اعظم نریندر مودی کا دورہ آسام // 09کروڑ 30لاکھ کسانوں میں کی 22ویں قسط واگذار۔

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں صوبے کے گو نا گوں ثقافتی ورثے اور تمدن کو تحفظ دینے پر دیا زور ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقدہ کابینہ میٹنگ میں کئی اہم فیصلوں کو منظوری ۔

اور

*........ جمعتہ الوداع کے سلسلے میں یوٹی بھر میں دینی مجالس کا انعقاد ۔

مودی

Bodo Territorial حکومتNDA کی سربراہی والیBJP وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کی کلہم ترقی کو یقینی بنانے کیلئے کام کر ہی ہے اور اس مقصد 1ہزار5سو کروڑ Council Area ضلع میں ورچول طریقے پر Kokrajhar روپے منظور کئے گئے ہیں۔گوہاٹی سے آج آسام کے خطہ اب ترقی کی ایک نئی راہ پر Bodo عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ گامزن ہے ۔ انہوننے گوہاٹی آسام میں 19ہزار680 کروڑ روپے لاگت والے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کیا۔

DBT وزیر اعظم نے پی ایم کسان سکیم کے تحت 9 کروڑ 30 لاکھ کسانوں کے بنک کھاتوں میں کے ذریعے پی ایم کسان کی 22 ویں قسط کے تحت 18 ہزار 640 کروڑ روپے منتقل کئے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ادب اور آرٹس کے ساتھ جُڑی اہم شخصیات پر زور دیا ہے کہ وہ جموں صوبے کے گو نا گوں ثقافتی ورثے اور تمدن کو تحفظ دینے اور نئی پود کو اِن روایات کے ساتھ جوڑنے میں کلیدی رول ادا کریں ۔ یونیورسٹی آف جموں کی طرف سے آج ساہتیہ سنسکرتی سماگم کے موضوع پر دو روزہ ادبی و ثقافتی کنکلیو کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کی اِن بے مثال روایات نے ہمیں مصنوعی حدود سے بالا تر ہو کر انسانی اقدار کو تقویت بخشنے کا درس دیا ہے ۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آج لوگ جس امن کے ماحول میں رہ رہے ہیں، اُس کو بڑی قیمت دے کر حاصل کیا گیا ہے، جس کو رائیگاں کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ آل انڈیا پولیس کبڈی کلسٹر کے دوسرے شمارے کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ رواداری اور امن کو فروغ دینے میں کھیل سرگرمیاں بھی اہم رول ادا کرتی ہیں۔

سنہا رانجی

نے پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی جیتنے والی جموں کشمیر کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی LGدریں اثنائ بھی عزت افزائی کی۔ انہوننے اس شاندار کامیابی کےلئے ٹیم کو مبارکباد دی ۔

کابینہ

جموں میں آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں کابینہ میٹنگ منعقد ہوئی جس میں جموں کشمیر بھر میں حکمرانی کے عمل کو دوام بخشنے نیز ترقیاتی عمل میں سرعت لانے سے متعلق کئی فیصلے لئے گئے ۔ میٹنگ کے دوران انتظامی کارکردگی میں بہتری لانے اور عوامی خدمات کے نظام کو معیار کی بلندیوں تک لے جانے پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزراءسکینہ ایتو ، ستیش شرما ، جاوید احمد رانا ، جاوید احمد ڈار اور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو بھی موجود تھے ۔

عمر دکھ

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھدرواہ کے بستی گاؤں میں پیش آئے دلدوز سڑک حادثے مینجموں کشمیر پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل ذولفقار علی اور ان کی اہلیہ کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیاہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہا رکرتے ہو ئے زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

فشریز

سرینگر میں کولڈ واٹر فشریز سے SKICC مرکزی حکومت کے محکمہ فشریز کی طرف سے کل متعلق ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔ تقریب کا انعقاد فشریز اور پشو پالن کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کی صدارت میں کیا جا رہا ہے جبکہ تقریب پر جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، فشریز کے مرکزی وزرائے مملکت پروفیسر ، جموں کشمیر کے وزیر زراعت جاوید احمد ڈار George Quran اور Baghel ایس پی سنگھ کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات موجود رہیں گی ۔

گیس

مرکزی حکومت کے ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے جاری کی گئی ہدایات کے بعد سپلائی محکمے نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کھانا پکانے کی گیس اور پیٹرول و ڈیزل جیسی پیٹرولیم مصنوعات کا کفایت شعاری اور مناسب طور پر استعمال کریں تاکہ مستقبل میں سپلائی میں کسی طرح کی رکاوٹ کو روکنے میں مدد مل سکے۔ ایک بیان میں محکمے نے پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت کے ایک نوٹیفکیشن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کافی مقدار میں ذخیرے کے ساتھ کھانا پکانے کی گیس، پیٹرول اور ڈیزل کا مناسب اسٹاک برقرار رکھے ہوئے ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر Radiokashmir@gmail.com شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں ۔

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

جمعتہ الوداع

جمعتہ الوداع کی تقریب سعید آج مذہبی جوش و خروش اور تزک و احتشام کے ساتھ منائی جا رہی ہے ۔ اس مناسبت سے وادی بھر کی مساجد، خانقاہوں،امام بار گاہوں اور زیارت گاہوں میں نماز جمعہ کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے ۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوا جہاں نماز جمعہ سے قبل در گاہ عالیہ کے امام و خطیب مولانا ریاض الحق نورآبادی نے و عظ فرمایا۔ اس موقعہ پر ملک اور قوم کی فلاح و بہبود کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں ۔

------Darood۔۔۔-------

اسی طرح کی تقاریب دیگر مذہبی مقامات اور بقہ جات پر بھی منعقد ہوئیں جن میں کافی تعداد میں فرزندانِ توحید نے شرکت کی ۔ جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے خانقاہِ پانپور میں جمعتہ الوداع کی فضیلت اور شانِ نزول قرآن مجیدپر روشنی ڈالی ۔

جمعتہ الوداع کی فضیلت کے تعلق سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف عالم دین مفتی الیاس نعیمی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوام کو جمعتہ الوداع کے موقعے پر مبارک دی ہے۔ انہوننے لوگوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کر تے ہوئے اُمید ظاہر کی ہے کہ یہ دن ترقی اور خوشحالی کا پیغام لے کر آئے گا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے لوگوں کو جمعتہ الوداع کی مبارکباد دیتے ہوئے امن اور خوشحالی کےلئے دعا کی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، کا بینی وزرائ، جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر کشمیر وی کے بردی اور صوبائی کمشنر IGPسید درخشاں اندرابی، ڈی جی پی نلن پربھات، کشمیر انشل گرگ نے بھی لوگوں کو جمعتہ الوداع کی مبارکباد دی ہے۔

پی ڈی ایف کے صدر حکیم ﷴ یاسین نے بھی جمعتہ الوداع کی مبارکباد دی ہے۔

فاروق

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی جمعتہ الوداع کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ انہوں نے آج جمعہ نماز درگاہ حضرت بل میں ادا کی ۔ اس موقعہ پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

کرگل

کرگل ضلع میں بھی آج جمعتہ الوداع کی تقریب سعید نہایت ہی عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی۔ ہمارے کرگل کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ ضلع بھر میں منعقدہ تقریبات مینکافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور جمعتہ الوداع کی فضیلت پر تفصیلی سے روشنی ڈالی۔

تعزیت

وادی کے ایک معروف صوفی بزرگ ، شاعر اور فنکار محمد عبداللہ متو تاربلی گذشتہ شب انتقال کر گئے۔ وادی کی کئی سماجی اور دیگر شخصیات نے ان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کر تے ہوئے غمزدہ خاندان کے ساتھ تعزیت ظاہر کی ہے۔

آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سربراہ غلام رسول آخون نے مرحوم کو ان الفاظ میں خراج عقیدت ادا کیا ۔

ایسو سی Listeners احد زرگر میموریل ریسرچ فاونڈیشن کے سرپرست خورشید زرگر ، ریڈیو ایشن کے صدر ساحل ڈار ،

نے مرحوم کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے ۔

ایم جی نریگا

جموں کشمیر حکومت نے دیہی بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے اور عملے کا مشاہرہ ادا کرنے ایکٹ کے تحت ایک ارب 96 Employment Guarantee کے لئے مہاتما گاندھی نیشنل رورل کروڑ روپے منظور کئے ہیں ۔ ایک سرکاری پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ ان رقومات سے ایم جی نریگا کی زمینی سطح پر موثر عمل آوری یقینی بن جائے گی ۔

فردوس احد

جے اینڈ کےسٹیٹ سینٹر کی طرف سے ورلڈ انجینئرنگ The Institute of Engineers India کے سلسلے میں ایک پینل ڈیسکشن کا اہتمام کیاگیا ، جس For Sustainable Development ڈے دوران انجینئروں ، تعلیم دانوں ، صنعت کاروں اور نوجوان انجینئروں نے دور جدید کے ترقیاتی چیلنجوں کا حل تلاش کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیاگیا۔

جے اینڈ کےسٹیٹ سینٹر کے چیرمین انجینئر Institution of Engineers India اس حوالے سے فردوس احد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ست شرما

جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں آج جمونمیں ایک پارٹی BJP میٹنگ منعقد ہوئی جس میں تنظیمی امور کا جائز ہ لیا گیامیٹنگ میںپارٹی کے جنرل سیکریٹری آر

گنائزیشن اشوک کول ، ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما ، سابق نائب وزیرا علیٰ نرمل سنگھ، BJP کے نائب صدر راکیش مہاجن اور کئی دیگرلیڈر بھی موجود تھے۔ ست شرما نے اس موقعے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ترقی کے نظریے کو آگے بڑھانے کے وعدہ بند ہے۔

پولیس

پولیس نے شوپیان میں جعلی کرنسی کے ایک ریکٹ کو طشت از بام کر کے 79 ہزار روپے نقلی کرنسی بر آمد کی ۔ پولیس نے تین ملزموں کو گرفتار کیا ہے ۔

Martyrs والی بال ٹورنامنٹ پولیس نے چھتر گُل کنگن میں سوک ایکشن پروگرام کے تحت پولیس کا افتتاح کیا ۔

پولیس نے شوپیان میں ماہ رمضان اور آنے والے تہواروں کے پیش نظر بازاروں میں چیکنگ کا عمل تیز کیا ہے تاکہ لوگوں کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ دستیاب ہو سکیں ۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔

تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک استاد آرشد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر نے کہا ہے کہ عام لوگوں کی سہولت کے لئے پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ کل کھُلے رہیں گے ۔ پاسپورٹ درخواست دہندگان ان سے سہولیات حاصل کر سکتے ہیں ۔

اس موقعہ پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اومیش رائے ، شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر پرگتی کمار ، کلسٹر یونیورسٹی آف جموں کے وائس چانسلر کے ایس چندرا سیکر کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔

گاندربل

گاندربل میں بھارت سنچار نِگم لمیٹڈ کے پنشنروں کے لئے ایک آوٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران متعلقہ افسروں نے اِن پنشنروں کے گھر گھر جا کر ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

ریل

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے مسافرو ں کے رش کو مد نظر رکھتے ہوئے خصوصی ریل گاڑیوں 04081اور 04082کے آپریشنل مدت میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریلوے کی طرف سے جاری پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ریل گاڑی نمبر 04081اب 17مارچ سے 30مارچ تک چلے گی ، جبکہ04082ریل گاڑی 18مارچ سے 31مارچ تک چلے گی ۔

جموں ریل

کو کامیابی کیساتھ جموں ریلوے اسٹیشن Hippopotamuses نادرن ریلویز نے آج چنئی سے دو پہنچایا ۔ جہاں سے انہیں‌عجائب گھر تک لے جایا جائے گا۔ریلویز کے جموں ڈویژن نے اس کامیابی کو جنگلی جانوروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے عمل میں ایک اہم کڑی قرار دیا ہے۔

لوک سبھا

لوک سبھا کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن کی طرف سے ہنگامے کے سبب دوپہر 2بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ ان معاملات میں LPG کی صورتحال پر مباحثے کی مانگ بھی شامل ہے۔

آج جب ایوان کی کارروائی دن میں 11 بجے شروع ہوئی تو کچھ ہی دیر بعد اسے معطل کر دیا گیا۔ البتہ یہ کارروائی دوپہر 12 بجے پھر شروع ہوئی۔ پریزائڈنگ افسر سندھیا رے نے اپوزیشن ارکان سے زور دے کر کہا کہ وہ ایوان کی کارروائی خوش اسلوبی سے جاری رہنے دیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموںکشمیر میں‌موسم عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے جبکہ کشمیر صوبے کے بالائی علاقوں‌میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت19 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں‌میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 43 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر37منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ